© rasailojaraid.com



سخت دل آزار فقرے بھی نکل گئے ہیں، تاہم ان واقعاتِ جہاد اور اس زمانہ کے مسلمانوں کے جوشِ مذہبی و دینی پر روشنی پڑتی ہے اور یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس عہد میں حکومت کی طرف سے مسلمانوں کے ساتھ کیا کیا ناانصافیاں کی گئی تھیں اور مسلمانوں نے علماء کی قیادت میں کس طرح اس مصیبتِ عظمیٰ سے رستگاری پانے کا عزم بالجزم کرلیا تھا۔ کتاب بڑی دلچسپ اور پڑھنے کے قابل ہے۔ جس سے برطانوی حکمتِ عملی اور اس کے اسباب ووجوہ پر روشنی پڑتی ہے۔

**ہندوستان کی فیصلہ کن جنگیں** از جناب محمود خاں صاحب محمود۔ تقطیع خورد ضخامت ۱۹۱ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت ۲؎ پتہ:۔ ملک بکڈپو۔ گکے زئیاں اسٹریٹ لاہور

محمود خاں صاحب محمود ہمارے جنوبی ہند کے مشہور مورخ ہیں۔ آپ کی "کتاب تاریخ سلطنت خداداد" اور "تاریخ جنوبی ہند" مشہور کتابیں ہیں۔ زیرِ تبصرہ کتاب میں ہندوستان کی تاریخ سے منتخب کرکے ایسی آٹھ بڑی لڑائیوں کی تاریخ اور حالات لکھے ہیں جن کا تعلق بواسطہ مسلمانوں سے رہا ہے اور جنھوں نے مسلمانوں کے عروج وزوال کا خاکہ تیار کرنے میں بڑی اہمیت دکھائی ہے۔ سب سے پہلے جنگِ تھانیسر کا تذکرہ ہے جو شہاب الدین محمد غوری۔ اور پرتھوی راج کے درمیان ہوئی۔ یہ جنگ اس اعتبار سے فیصلہ کن تھی کہ اس کے بعد ہندوستان میں مسلمانوں کی سلطنت قائم ہوگئی۔ سب سے آخر میں جنگ سرنگاپٹم کا تذکرہ ہے۔ مسلمانوں کے لئے یہ جنگ بھی فیصلہ کن تھی۔ کیونکہ اس جنگ نے قطعی طور پر مسلمانوں سے عنانِ حکومت چھین کر انگریزوں کے ہاتھوں میں دیدی۔ ان دونوں جنگوں کے درمیان چھ اور بڑی لڑائیوں کا بیان ہے کتاب بڑی دلچسپ، مفید اور پراز معلومات ہے۔ ہر اردو خواں کو اس کا مطالعہ کرنا چاہیے۔

**مشاہیر کی بیویاں** از طاہر ورفعت۔ تقطیع خورد ضخامت ۸۰ صفحات۔ قیمت ۱۲؍ پتہ:۔ دارالاشاعتِ سیاسیہ حیدرآباد دکن۔

اس کتاب میں آج کل کی مغربی دنیا کے مشہور انسانوں، مسٹر اسٹالن، مسولینی۔ چرچل، روزولٹ، فرانکو اور ڈی ولیرا کی بیویوں کے حالات لکھے ہیں۔ عام طور پر لوگ بڑے انسانوں کے



© rasailojaraid.com